# Vice President of India visited the UAE to convey condolences on passing away of HH Sheikh Khalifa bin Zayed Al Nahyan

May 15, 2022

## نائب صدر جمہوریہ ہند کا شیخ خلیفہ بن زید النہیان کے انتقال پر تعزیت کرنے کے لیے متحدہ عرب امارات کا دورہ

15 مئی، 2022

نائب صدر جمہوریہ جناب ایم وینکیا نائیڈو نے 15 مئی 2022 کو متحدہ عرب امارات کا دورہ کیا تاکہ یو اے ای کے سابق صدر اور ابوظہبی کے حکمران عزت مآب شیخ خلیفہ بن زید النہیان کے انتقال پر حکومت ہند کی جانب سے یو اے ای کی قیادت کو تعزیت پیش کی جاسکے۔

نائب صدر آج دوپہر ابوظہبی پہنچنے پر سیدھے مشرف پیلس گئے اور متحدہ عرب امارات کے نو منتخب صدر عزت مآب شیخ محمد بن زید النہیان، شاہی خاندان اور یو اے ای کی پوری قیادت سے تعزیت کا اظہار کیا۔

نائب صدر جمہوریہ نے صدرجمہوریہ رام ناتھ کووند اور وزیر اعظم جناب نریندر مودی کی تعزیت کا اظہار کیا اور اس بات کا اعادہ کیا کہ ہندوستان اور اس کے لوگ اس مشکل وقت میں متحدہ عرب امارات کے ساتھ کھڑے ہیں۔

نائب صدر جمہوریہ نے پیار سے اس بات کو یاد کیا کہ شیخ خلیفہ بن زاید النہیان کی قیادت میں ہندوستان اور متحدہ عرب امارات کے تعلقات میں دونوں ممالک کے عوام کے باہمی فائدے کے لئے بہت زیادہ ترقی ہوئی ہے، اور یہ بھی کہ شیخ خلیفہ نے متحدہ عرب امارات میں بڑی ہندوستانی برادری کا غیر معمولی خیال رکھا، جو ان کی بہت عزت کرتے ہیں۔

قبل ازیں، وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے ہندوستان کی طرف سے تعزیت کا اظہار کرنے کے لئے 14 مئی 2022 کو نئی دہلی میں متحدہ عرب امارات کے سفارت خانے کا دورہ کیا۔ بھارت نے 14 مئی 2022 کو قومی سوگ کا دن بھی منایا ہے۔

نائب صدر نے متحدہ عرب امارات کے تیسرے صدر منتخب ہونے پر عزت مآب شیخ محمد کے لیے نیک خواہشات کا اظہار بھی کیا۔ نائب صدر نے کہا کہ ان کی دیکھ بھال اور قیادت میں دونوں ممالک نئے اور متنوع شعبوں میں اپنے تاریخی اور جامع اسٹریٹجک تعلقات کو آگے بڑھاتے رہیں گے۔

نائب صدر جمہوریہ کے ساتھ متحدہ عرب امارات میں ہندوستان کے سفیر، نائب صدر کے سکریٹری، جوائنٹ سکریٹری (خلیج) اور حکومت ہند کے دیگر سینئر عہدیداران بھی موجود تھے۔

**ابوظہبی**

**15 مئی، 2022**

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.